سوال

سکتا ہے (296)؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

یا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید بیمار ہے اور معذور ہے نہ کھڑا ہوسکتا ہے اور نہ تشہد میں ٹھیک بیٹھ ہی سکتا ہے سجدہ بھی نہیں کرسکتا۔ کیا اس صورت میں زید کو امام بنایا جاسکتا ہے؟ اور زید کی اقتداء میں نماز درست ہوگی؟ یہ بات پیش نظر ہے کہ زید عالم، متقی اور پرہیز گار ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

تہ!

ہد!

صورہ مسئولہ میں واضح ہوکہ اگر زید عالم و متقی ہے اور ہمیشہ سے کسی مسجد کا امام ہے تو وہ شرعاً بوجہ ضرورت کے امامت کراسکتا ہے۔ ہاں اگر کوئی اور عالم اور متقی شخص جو صحیح وسالم تندرست ہو اور ارکان نماز کو پورے طور پر ادا کرسکتا ہو تو اس کو امام بنانا بہتر ہے۔ کیونکہ رکوع و سجود نماز کے ضروری رکن ہیں
جعلوا ائمتکم خیارکم » الحدیث
بر، شمارہ نمبر ۴۳)

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1 ص 225

محدث فتویٰ